سوال

(307) رمضان میں زکوٰۃ ادا کرنا

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

زکوٰۃ جو ارکان اسلام میں سے ایک اہم رکن ہے، کیا اسے رمضان میں ادا کرنا افضل ہے؟

الجواب بعون الوهاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

دیگر اعمال صالحہ کی طرح زکوٰۃ بھی فاضل زمانہ میں ادال کرنا افضل ہے لیکن جب زکوٰۃ ادا کرنا واجب ہو جائے تو رمضان تک مؤخر نہ کیا جائے مثلاً اگر رجب میں سال پورا ہو جائے تو رمضان تک انتظار نہ کرے بلکہ اسے رجب ہی میں ادا کرے۔ اسی طرح اگر سال میں پورا ہو رہا ہو تو زکوٰۃ بھی محرم میں ادا کرے اور رمضان تک اسے مؤخر نہ کرے۔ ہاں البتہ اگر سال کی تکمیل رمضان ہی میں ہو رہی ہو تو پھر رمضان میں زکوٰۃ ادا کرنی چاہیے۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ اسلامیہ

کتاب الصیام: ج2 صفحہ224